**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 11.10.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | انصاف میں تاخیر بے انصافی کے مترادف ہے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | سیاحت کے شعبے کو ترقی دیکر بلوچستان کا مثبت اور پرامن تشخص اجاگر کیا جائے گا، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | حکومت بلوچستان نے غیر فعال سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا، بخت کاکڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | وفاق بلوچستان کو محکمہ صحت میں اصلاحات کیلئے بھر پور تعاون فراہم کریگا، مصطفیٰ کمال۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | محکمہ لائیوسٹاک بلوچستان کی معیشت میں ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | میجر سبطین حیدر نے وطن پر جان نچھاور کی شہادت عظیم قومی نقصان ہے، نسیم الرحمٰن۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان میں موبائل انٹرنیٹ 2 ماہ بند کرنے کی تجویز پی ٹی اے کو مراسلہ ارسال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان کی سرزمین ہزاروں سال پرانی تہذیبوں کی امین ہے، زرین مگسی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | صوبے کی ترقی عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل، عاصم کرد گیلو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حکومت عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے مشن پر گامزن ہے، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | پی بی 43 میں گیس پریشر کی پہلی ترجیح ہے، لیاقت لہڑی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | آئی جی کا تاریخی اقدام پولیس شہداء اور ملازمین کے لیے پیکج کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے انتظامات شروع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان حکومت کی بڑی پیشرفت 3144 سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے 1641 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | افغان کڈوال کے ساتھ غیر انسانی سلوک افسوسناک ہے، محمود اچکزئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بارڈر کاروبار لاکھوں افراد کا ذریعہ معاش بیروزگاری سنگین مسئلہ بن گئی، ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بلوچستان کے معدنی وسائل لوٹنے کی اجازت نہیں دیں گے، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | حکومت صوبائی امور چلانے کی اہلیت سے محروم ہے، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | گوادر میں پانی بحران پر قابو پانے کے لیے اقدامات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | پولیو موذی مرض والدین بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں، سلمٰی کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

تربت مختلف پرتشدد واقعات میں تین افراد ہلاک, شہباز ٹاؤن سمگلی روڈ پر میڈیکل سٹور میں ہونے والی ڈکیتی کے دوملزمان گرفتار, 20 دہشت گردوں کی لاشیں دشت کے قبرستان میں امانتاً سپرد خاک، ڈیرہ اللہ یار بائی پاس پر نصب بم پھٹنے سے ایک بچہ شہید ایک زخمی، مستونگ وسوراب سے نومولود اور نامعلوم شخص کی نعشیں برآمد، بلوچستان میں منشیات کے خلاف کاروائی جاری 60 کلوگرام چرس برآمد۔

CamScanner

**عوامی مسائل:**

| جناح ٹاؤن میں پانی کا بحران مکین مشکلات سے دوچار۔ |
| --- |

**مورخہ** 11.10.2025

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کا خاتمہ ناگزیر!** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیرِ زمین پانی کی سطح نیچے گرنے کے باعث پینے کے صاف پانی کی شدید قلت پیدا ہو رہی ہے جو روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ اس کی کئی اہم وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ غیر قانونی ٹیوب ویلز کی بھرمار ہے جو پابندی کے باوجود دھڑا دھڑ لگائے جا رہے ہیں چونکہ یہ اکثر اثر و رسوخ والے لوگ ہی اپنے گھروں اور کمرشل بنیادوں پر لگا رہے ہیں اس لیے ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے ان میں سے اکثر بغیر این او سی کے لگائے جا رہے ہیں۔ یہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرِ صدارت گزشتہ روز کوئٹہ شہر میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کی تنصیب اور ان کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشنز محمد بلوچ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن نصیر احمد، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ سمیت محکمہ اریگیشن، واسا اور پی ایچ ای کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ شہر میں واٹر ایمرجنسی نافذ ہے اور اس پر عمل درآمد کے لیے جامع اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کوئٹہ میں جتنے بھی غیر قانونی ٹیوب ویلز کا خاتمہ ناگزیر ہے۔

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Redressal of issues of investors" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

## انصاف میں تاخیر بے انصافی کے مترادف ہے، گورنر مندوخیل

### سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششیں مزید تیز کرے

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انصاف میں تاخیر بے انصافی کے مترادف ہے یہ وہ تلخ حقیقت ہے جس کا سامنا آج بھی بہت سارے سائلین کرتے ہیں جب بھی انصاف میں تاخیر ہوتی ہے تو غریب و نادار سائلین کو دو مختلف بار نقصان اٹھانا پڑتا ہے پہلی مرتبہ خود جرم سے جبکہ دوسری دفعہ وہ سست روی اور تکلیف دہ قانونی عمل سے دوچار ہو جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کرے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب میں درخواست دینے والے سائلین اور مختلف محکموں کے بارے میں شکایات کرنے والوں کی ہفتہ وار سماعت کرتے ہوئے کیا، واضح رہے کہ گورنر ہاؤس کے شکایات سیل کے ذریعے کام کرنے والی کوائزی کورٹ ایک باقاعدہ عدالت کی طرح کام کرتی ہے جس کو قانونی اصطلاح میں کوائزی کورٹ (Quasi Court) بھی کہا جاتا ہے، سماعت کے دوران گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ تمام سرکاری محکمے اپنی سروس ڈیلیوری کو موثر بنانے، وسائل، میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں اور پروموشن اور ہر قسم کی بے ضابطگیوں کے خاتمے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کریں، گڈ گورننس میں بروقت سماجی انصاف، انسانی حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ معاشرے کی عظیم اکثریت کی تمام سیاسی و معاشی سرگرمیوں میں شرکت و شمولیت کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں، گورنر مندوخیل نے مختلف محکموں اور اداروں کے سربراہان پر زور دیا کہ وہ اپنے دفتری معاملات میں بھی جائز شکایات کا ازالہ کیا کریں اور شکایت کنندگان کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔



کوئٹہ : گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# سرکاری محکمے سروس ڈیلیوری کو موثر، بے ضابطگیوں کا خاتمہ کریں، گورنر

### انصاف کی فراہمی، حقوق کا تحفظ اور معاشرے کی اکثریت کی سیاسی و معاشی سرگرمیوں میں شمولیت یقینی بنانا ہی گڈ گورننس ہے

### سستے اور فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کرے، شیخ جعفر خان مندوخیل



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ انصاف میں تاخیر ہی ناانصافی کے مترادف ہے یہ وہ تلخ حقیقت ہے جس کا سامنا آج بھی بہت سارے سائلین کرتے ہیں جب بھی انصاف میں تاخیر ہوتی ہے تو غریب و نادار سائلین کو دو مختلف بار نقصان اٹھانا پڑتا ہے پہلی مرتبہ خود جرم سے جبکہ دوسری دفعہ وہ سست روی اور تکلیف دہ قانونی عمل سے دوچار ہو جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ سستا اور......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب میں درخواست دینے والے سائلین اور مختلف محکموں کے بارے میں شکایات کرنے والوں کی ہفتہ وار سماعت کرتے ہوئے کیا' واضح رہے کہ گورنر ہاؤس کے شکایات سیل کے ذریعے کام کرنے والی کوائزی کورٹ ایک باقاعدہ عدالت کی طرح کام کرتی ہے جس کو قانونی اصطلاح میں کوائزی کورٹ بھی کہا جاتا ہے سماعت کے دوران گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ تمام سرکاری محکمے اپنی سروس ڈیلیوری کو موثر بنائیں۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
... اعلیٰ تعلقات ... حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 17 ربیع الثانی 1447ھ 11 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 96
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

Page No. 1

# سیاحت کو فروغ دیکر بلوچستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی

تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہیں، توجہ رسل و رسائل، انفراسٹرکچر کی ترقی اور نجی شعبے کی شمولیت پر مرکوز ہے

مثبت اقدامات سے صوبے کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں، بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت.......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی توجہ رسل و رسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پُرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کلچرل فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے دوران میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 278

# بلوچستان مثالی ثقافتی ورثے کا امین صوبے کے روشن اور پرامید مستقبل کی بنیاد مضبوط کرینگے، وزیر اعلیٰ

سیاحت کے فروغ کیلئے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک مرکز سے فراہم کی جائینگی

بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی' بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا گیا' تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا، صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے بلوچستان

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے۔



اسلام آباد: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان گرینڈ ٹورزم فیسٹیول میں مختلف اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان

شمارہ 277 ہفتہ 11۔اکتوبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے جلد 29

## بلوچستان کے منفی عناصر صوبے کی مکمل تصویر نہیں

# اصل بلوچستان حسن، محبت اور ثقافت کا گہوارہ ہے، میر سرفراز بگٹی

سیاحت کے فروغ سے صوبے کا مثبت اور پرامن چہرہ اجاگر کیا جائے گا، سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت فراہم کی جا رہی ہے ٹورزم فیسٹیول صوبے کی خوبصورت عکاسی کر رہا ہے

**سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہیں جس میں بنیادی توجہ رسل ورسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے، تقریب سے خطاب**

اسلام آباد، کوئٹہ (خ ن+نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پہ مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی واستحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمٰن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عموماً طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی توجہ رسل ورسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں۔

## صوبے میں سو فیصد سکول فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، وزیراعلیٰ

**بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے، ایکس پر بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر جاری بیان میں صوبے میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی ہے وزیراعلیٰ کے مطابق بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں تقریباً 82 ہزار طلبہ وطالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں "سو فیصد سکول فعال بنانے" کے لیے اقدامات جاری ہیں اور حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گرینڈ بلوچستان فیسٹیول میں لگائے گئے اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کے افتتاح کے بعد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 297 | ہفتہ، 17 ربیع الثانی، 11 اکتوبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# امن، محبت اور مہمان نوازی بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص ہے، وزیراعلیٰ

## سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے، چند منفی عناصر صوبے کی مکمل تصویر نہیں

### حکومت تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے، سرفراز بگٹی کا بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

سامنا نہ کرنا پڑے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افسران میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے۔

# 3200 سے زائد سکولز کو فعال کر دیا گیا، سرفراز بگٹی

## 82 ہزار طلباء و طالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر جاری بیان میں صوبے میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی ہے وزیراعلیٰ کے مطابق بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

کر دیا گیا ہے جس کے نتیجے میں تقریباً 82 ہزار طلبہ و طالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں سو فیصد سکول فعال بنانے" کے لیے اقدامات جاری ہیں اور حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ٹورازم نوابزادہ زرین خان مگسی اور دیگر شخصیات بھی موجود ہیں



اسلام آباد: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء 17 ربیع الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 40

# سیاحت کو ترقی دیکر بلوچستان کا مثبت اور پرامن تشخص اجاگر کیا جائیگا

صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی

تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پُرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا (بقیہ 3 صفحہ 2 پر)

نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمٰن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عموماً صرف منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی توجہ رسل و رسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پُرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں

# بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ہے، سرفراز بگٹی

تقریباً 82 ہزار طلبہ و طالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں، وزیراعلیٰ کی صوبے میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی

صوبے میں "سو فیصد سکول فعال بنانے" کے لیے اقدامات جاری ہیں اور حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے، سرفراز بگٹی کا عزم کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر جاری بیان میں صوبے میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی ہے وزیراعلیٰ کے مطابق بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے جس کے نتیجے میں تقریباً 82 ہزار طلبہ و طالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

کا اعادہ کیا کہ صوبے میں "سو فیصد سکول فعال بنانے" کے لیے اقدامات جاری ہیں اور حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کلچرل فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے دوران میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری ٹورزم نوابزادہ زرین خان مگسی اور دیگر شخصیات بھی موجود ہیں۔

CamScanner

DIRECTO
GENERAL OF
RELATIONS BA

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA
روزنامہ
زمانہ
کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حمید اللہ امین
جلد 80 | ہفتہ 11 اکتوبر 2025، 17 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 278

# چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پُرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا، ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

### اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پُرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم

کام جاری ہے، جبکہ ضلعی سطح پر مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروایا گیا ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام میں اتحاد، بھائی چارہ

کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبے کو عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں، بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین

ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی ڈھانچے، رسل و رسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پُرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر جاری بیان میں صوبے میں تعلیمی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی ہے وزیر اعلیٰ کے مطابق بلوچستان میں 3200 سے زائد سرکاری سکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے جس کے نتیجے میں تقریباً 82 ہزار طلبہ و طالبات دوبارہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں "سو فیصد سکول فعال بنانے" کے لیے اقدامات جاری ہیں اور حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔



اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اراکین صوبائی اسمبلی [illegible]

CamScanner

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعلٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 9

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-277

# چند منفی عناصر بلوچستان کی تصویر نہیں صوبہ بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے

میر سرفراز بگٹی

**صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پُرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ دیا جائیگا**

**میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں**

**بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے**

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پُرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر)

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی و استحکام کا مظاہرہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عمومی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی توجہ رسل و رسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پُرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کر رہے ہیں

## حکومت جامعات کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ

**تنخواہوں کے مسئلے پر جلد فیصلہ کیا جائے گا، وزیراعلیٰ کی چانسلرز کو یقین دہانی**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کی سرکاری جامعات کے چانسلرز کے وفد کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے ملاقات، جامعات کے مسائل اور تنخواہوں کی ادائیگی پر کمیٹی تشکیل۔ وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ منیجمنٹ (بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 7 پر)

سائنسز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ کی قیادت میں صوبے کی سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کے وفد نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی جامعات کے وائس چانسلرز نے صوبے میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے فروغ، جامعات کو درپیش مالی مسائل، اور بالخصوص اساتذہ و انتظامی عملے کی تنخواہوں کے مسئلے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وائس چانسلرز کے وفد میں پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ وائس چانسلر بیوٹمز، پروفیسر ظہور بازئی وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان، پروفیسر شبیر احمد لہڑی وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز شامل تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جامعات کے وائس چانسلرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ اور معیاری تعلیم صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، جامعات، ان کے اساتذہ اور تعلیمی اداروں ہمارا اثاثہ ہیں، قوم کے معمار اساتذہ کی میری نگاہ میں عزت و احترام والدین سے بھی بڑھ کر ہے، وزیراعلیٰ نے وفد کو اس امر کی یقین دہانی کرائی کہ حکومت جامعات کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور تنخواہوں کے مسئلے پر جلد فیصلہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس ضمن میں اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی، جو ایک ہفتے کے اندر اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ جامعات کے مسائل پر قائم کی گئی کمیٹی میں پروفیسر خالد حفیظ وائس چانسلر بیوٹمز، پروفیسر ظہور بازئی وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی اور وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر شبیر احمد لہڑی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن صالح بلوچ، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون اور پرنسپل سیکریٹری برائے وزیراعلیٰ بابر خان شامل ہیں۔ وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ منیجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے وزیراعلیٰ کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹی اور صوبائی حکومت کی جامعات کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل اور وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی جامعات اور اعلیٰ تعلیم کی جانب عملی و سنجیدہ اقدامات سے بلوچستان میں تعلیمی منظر بہتری کی جانب گامزن ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اسلام آباد میں بلوچستان میں سیاحت سے متعلق فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1245 QUETTA Saturday October 11, 2025 / Rabi' al-Thani 17, 1447

16

# Balochistan holds vast potential for tourism, cultural development: CM

Syed Naveed Jamal

**ISLAMABAD:** Chief Ministeŗ of Balochistan, Mir Sarfraz Khan Bugti, has said that Balochistan is a land of hospitality where not only the people but also the mountains, plains, and coasts warmly welcome tourists. He expressed these views while addressing the opening ceremony of the balochistan Grand Tourism Festival held here at Lok Virsa on Friday.

He said that Balochistan has immense potential for the development of tourism and culture. "We assure all investors and stakeholders that any issues related to tourism projects will be resolved through a one-window operation," he added. Organized with the collaboration of the Ministry of National Heritage and Culture, the three-day festival aims to promote Balochistan's heritage, culture, tourism, and archives at the national level. Various stalls showcasing traditional Balochi cuisine, clothing, handicrafts, and cultural artifacts have attracted large crowds of visitors from the capital. Chief Minister Bugti was the chief guest at the event, while Federal Minister for National Heritage and Culture, Aurangzeb Khan Khichi, welcomed him. Several notable personalities also attended the festival, including Parliamentary Secretary for Culture, Tourism and Law, Mir Zareen Khan Bugti; Federal Minister for Commerce, Jam Kamal Khan; and Managing Director of Green Tourism, Lt. Gen. (R) Hasan Azhar Hayat.

Addressing the gathering, Mir Zareen Khan Bugti said that Balochistan is home to some of the world's most beautiful beaches, mountains, forests, and plains. He invited national and international donors and private entities to explore and invest in Balochistan's natural resources and tourism sector. He specifically mentioned locations like Gadani, Kund Malir, Golden Beach, Gwadar, Hingol National Park, and the juniper forests of Ziarat as world-class tourist attractions. Federal Minister Jam Kamal Khan praised the festival, saying that such events are essential for projecting a positive image of Balochistan. He emphasized the importance of promoting domestic tourism, citing Japan as an example, where most people travel within their country despite not holding passports. "If we invest in our own land, the world will follow," he remarked.

Concluding the ceremony, Secretary for Culture and Tourism, Sohail Rehman Baloch, thanked all participants, guests, and the Ministry of National Heritage for supporting the festival, which he said is a strong step towards promoting the culture and identity of Balochistan. The three-day Balochistan Grand Tourism Festival will continue until Sunday.

CamScanner



ISLAMABAD: Chief Minister Balochistan, Sarfraz Ahmed Bugti, and Federal Minister for National Heritage and Culture Division, Aurangzeb Khan Khichi inaugurating three-day Balochistan Grand Tourism Festival at Lok Virsa.— APP

# CM Bugti reaffirms PPP's resolve to fight terrorism

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that standing against terrorism is the tradition of the Pakistan Peoples Party. In the war against terrorism, we lost our great leader Shaheed Rani. In this war, the party sacrificed its leaders and workers. He expressed these views while talking to the people of Pakistan Peoples Party Zhob Division and Qila Saifullah here on Thursday under the leadership of the party's senior leader and focal person Syed Iqbal Shah. The Chief Minister said that the line of the Pakistan Peoples Party against terrorism is very clear.

Chairman Pakistan Peoples Party Bilawal Bhutto Zardari presented his stance against terrorism in a categorical manner at GhariKhuda Bakhsh. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that when he took over the government in Balochistan, the red zone was closed, today no road is closed, even if eight parties come together, they cannot close the road. He said that we will not allow our roads to be closed, we will fight terrorism and maintain peace at all costs.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 13

# بلوچستان میں موبائل انٹرنیٹ 2 ماہ بند کرنے کی تجویز، پی ٹی اے کو مراسلہ ارسال

## دہشتگردوں نے موبائل انٹرنیٹ اور جدید کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کو رابطوں اور حملوں کی منصوبہ بندی میں استعمال کیا

## پی ٹی اے نے مراسلہ موصول ہونے کے بعد متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور اداروں کیساتھ مشاورت کا آغاز کر دیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی وزارت داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول نے بلوچستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی اور حساس سیکورٹی خدشات کے پیش نظر صوبہ بھر میں تھری جی اور فور جی موبائل انٹرنیٹ سروسز کو دو ماہ کے لیے معطل کرنے کی تجویز پی ٹی اے کو ارسال کردی ہے۔ وزارت کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں حالیہ دنوں میں دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا، جنہوں نے موبائل انٹرنیٹ اور جدید کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کو اپنے رابطوں، نقل و حرکت اور حملوں کی منصوبہ بندی میں استعمال کیا ہے۔ اس ..........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

لیے سیکورٹی اداروں کو مؤثر کارروائی کے لیے یہ قدم اٹھانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدام عارضی اور احتیاطی نوعیت کا ہے اور صرف عوام کی حفاظت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ہے۔ پی ٹی اے نے مراسلے کے بعد متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور سیکورٹی اداروں کے ساتھ مشاورت کا آغاز کر دیا ہے تاکہ زمینی حقائق کے مطابق کوئی حتمی فیصلہ کیا جا سکے۔ آئندہ چند روز میں اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری ہونے کا امکان ہے۔

# بلوچستان کی سرزمین ہزاروں سال پرانی تہذیبوں کی امین ہے، زرین خان مگسی

## بلوچ، براہوئی و پشتون اقوام نے مل کر اس خطے کی ثقافت کو منفرد رنگ بخشا ہے، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت

## گرینڈ ٹورزم فیسٹیول بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں سنگ میل ثابت ہوگا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت، ثقافت و قانون نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دلکش قدرتی مناظر جیسے کنڈ ملیر بیچ، گولڈن بیچ، گڈانی بیچ، ہنگول نیشنل پارک، ہنگلاج ماتا اور جولپھر کے قدیم جنگلات دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے کشش رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی سطح پر ایسے ایونٹس کے انعقاد سے نہ صرف بلوچستان کی ثقافت اور سیاحت کو فروغ ملے گا بلکہ ملکی معیشت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ثقافت و سیاحت بلوچستان کے زیر اہتمام لوک ..........

بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ورثہ اسلام آباد میں بلوچستان گرینڈ ٹورزم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی وزیر ٹریڈ اینڈ کامرس جان کمال خان، رکن قومی اسمبلی جمال خان رئیسانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ثقافت و سیاحت سہیل الرحمان بلوچ، ڈائریکٹر ٹورزم ڈاکٹر داؤد خان ترین، ڈائریکٹر سیاحت ہاشم کھیتران، حکومت بلوچستان کے اعلیٰ حکام، آرٹسٹوں، گلوکاروں و دیگر بڑی تعداد میں موجود تھے انہوں نے کہا کہ یہ فیسٹیول محض ایک ایونٹ نہیں بلکہ ایک تسلسل ہے، جس کے ذریعے بلوچستان کی ثقافت، سیاحت اور قدرتی خوبصورتی کو بین الاقوامی سطح پر روشناس کرایا جائے گا

# صوبے کی ترقی، عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل، عاصم کرد گیلو

## بلوچستان کے عوام باصلاحیت اور محنتی ہیں، اور حکومت ان کے لیے ایسے مواقع پیدا کر رہی ہے جن سے وہ اپنے وسائل کو بہتر انداز میں استعمال کر کے خود کفیل بن سکیں

## بھائی چارہ اور امن صوبے کی اصل طاقت ہیں، اور ہمیں تعصب، نفرت اور انتشار کی سیاست سے دور رہ کر ایک مضبوط اور پُرامن بلوچستان کی تعمیر کرنی ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی، عوامی خوشحالی اور سماجی ہم آہنگی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں بلوچستان کے عوام باصلاحیت اور محنتی ہیں، اور حکومت ان کے لیے ایسے مواقع پیدا کر رہی ہے جن سے وہ اپنے وسائل کو بہتر انداز میں استعمال کر کے خود کفیل بن سکیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں سڑکوں، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جبکہ ضلعی سطح پر مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروایا گیا ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام میں اتحاد، بھائی چارہ اور امن صوبے کی اصل طاقت ہیں، اور ہمیں تعصب، نفرت اور انتشار کی سیاست سے دور رہ کر ایک مضبوط اور پُرامن بلوچستان کی تعمیر کرنی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ حکومتی ترقیاتی اور ماحولیاتی اقدامات میں بھرپور حصہ لیں تاکہ بلوچستان کو ترقی، امن اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 11 OCT 2025 Page No. 4


# حکومت عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے مشن پر گامزن ہے، صادق عمرانی

## پینے کے صاف پانی، معیاری تعلیم، بہتر صحت اور فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد ہو رہا ہے' صوبائی وزیر

**انتخابی وعدے پورے کرینگے دیہی علاقوں میں آبنوشی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' قبائلی معتبرین اور وفود سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ حکومت عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے مشن پر گامزن ہے۔ انہوں نے قبائلی معتبرین اور حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کے عوام کو پینے کے صاف پانی، معیاری تعلیم، بہتر صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ترقیاتی منصوبوں کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

بروقت تکمیل اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری لائی جا سکے۔ صادق عمرانی نے کہا کہ حلقے کے عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کریں گے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں جبکہ دیہی علاقوں میں پانی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بہتری لانے کے لیے نئی اسکیمیں تیار کی جا رہی ہیں اور ان کے نتائج جلد عوام کے سامنے ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے وفود کو یقین دلایا کہ وہ عوامی نمائندے کی حیثیت سے ہر وقت عوام کے درمیان موجود ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے دن رات کوشاں رہیں گے۔

# پی بی 43 میں گیس پریشر کی بحالی پہلی ترجیح ہے' لیاقت لہڑی

**پارلیمانی سیکرٹری کی جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی سے گفتگو' مسائل سے آگاہ کیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی سے ملاقات کی ملاقات میں شہر، بالخصوص پی بی 43 کے علاقوں کلی اسماعیل، ودیبہ، ریکسائی روڈ، ترخہ، غوث آباد اور شابو میں گیس پائپ لائن کے مسائل اور پریشر کی کمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر جی ایم سوئی گیس ملک راحیل، سابق جی ایم عباس زہری، خان محمد

بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

انجینئر اور قاری یوسف انچارج پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ بھی موجود تھے۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ عوامی سہولت ان کی اولین ترجیح ہے اور شہریوں کو گیس کی فراہمی میں بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اجلاس میں شہریوں کو درپیش مشکلات کے فوری ازالے کے لیے تجاویز اور عملی اقدامات پر غور کیا گیا۔

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 15

## آئی جی کا تاریخی اقدام، پولیس شہداء اور ملازمین کیلئے پیکیج کا اعلان

**شہداء کے خاندان کی ماہانہ معاونت 2 لاکھ کردی گئی، دیگر مراعات میں بھی اضافہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس شہداء، حاضر سروس، وفات پانے والے ملازمین اور ریٹائرڈ ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے تاریخی پیکج کا اعلان کیا ہے، پولیس ترجمان کے مطابق یہ اقدام محکمہ پولیس کی تاریخ میں اپنی مثال آپ ہے۔ بلوچستان پولیس کی جانب سے شہداء، حاضر سروس فوت شدہ اور ریٹائرڈ

تاہم سکیورٹی اور دفاعی پالیسیاں کہاں بنتی ہیں یہ سب جانتے ہیں جب عمران خان وزیراعظم تھے تو ان کی بھی ذمہ داری بنتی ہے البتہ کچھ ذمہ داریاں دوسروں پر بھی آتی ہیں۔ سیاسی، جرائم پیشہ اور دہشت گرد عناصر کے گٹھ جوڑ کے متعلق اگر کوئی ثبوت ہیں تو انہیں عوام کے سامنے لایا جائے۔ بھارت کی جانب سے کابل میں سفارتخانہ دوبارہ کھولنے کے اعلان سے متعلق سید محمد علی نے کہا کہ بھارت نے ان کی حکومت باضابطہ طور پر تسلیم نہیں کیا ہے صرف سفارتخانہ کھولنے کی بات کی ہے اگر افغانستان ترقی اور استحکام چاہتا ہے تو اسے ذمہ دار ریاست بننا پڑے گا اور خطے کے ذمہ دار ریاستوں سے تعاون بڑھانا چاہیے۔ وزیر دفاع کے بیان افغان مہمان واپس جائیں سے متعلق ارشاد بھٹی نے کہا کہ ہم نے لاکھوں لوگوں کو مہمان بنا کر اپنے ملک کو تباہ کیا چار سال سے وہاں ان کی حکومت آئی ہے وقت آگیا ہے کہ وہ اپنے ملک جائیں۔ نوبیل امن انعام وینز ویلا کے رہنما کو دیا گیا اس پر اعزاز سید نے کہا کہ بات یہ ہورہی ہے کہ ٹرمپ جو اس ایوارڈ کی امید لگائے بیٹھے تھے انہیں یہ ایوارڈ نہیں ملا ہے اور میں سمجھتا ہوں ان کا یہ فیصلہ صحیح ہے۔ دفاعی تجزیہ کار سید محمد علی نے کہا کہ آج کی پریس کانفرنس میں جی ایچ کیو میں نہیں ہوئی بلکہ پشاور میں ہوئی اور ایسا محسوس ہوا کہ ریاست کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا ہے۔

## ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے انتظامات شروع

**عوام اپنے ووٹ کا اندراج انتخابی فہرستوں اور متعلقہ وارڈ میں چیک کرلیں، الیکشن کمیشن**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے جامع انتظامات کررہا ہے۔ الیکشن کمیشن کے ایک پریس ریلیز میں بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے متوقع امیدواروں، ووٹروں اور عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے ووٹ کا اندراج انتخابی فہرستوں اور متعلقہ وارڈ میں چیک کرلیں۔ انتخابی فہرستوں میں ووٹ کے اندراج، ٹرانسفر، اخراج و درستگی کیلئے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ انتخابی فہرستوں کی تکمیل کے بعد الیکشن کمیشن بلدیاتی الیکشن کا پروگرام جاری کرے گا جس کے نوٹیفکیشن کے اجراء کے بعد زیر دفعہ 39 الیکشنز ایکٹ 2017 ہر قسم کے ووٹوں کا اندراج، ٹرانسفر، اخراج و درستگی نہیں ہوسکے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان حکومت کی بڑی پیشرفت، 3144 سکولوں کو دوبارہ فعال کردیا

**این سی ایچ ڈی، بی ای سی ایس، پاک فوج اور ڈی سیز نے بھرپور تعاون کیا، محکمہ تعلیم**

**حکومت یقینی بنارہی ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان حکومت نے تعلیمی میدان میں ایک بڑی پیش رفت کرتے ہوئے صوبے کے 3,862 غیر فعال اسکولوں میں سے 3,144 اسکولوں کو دوبارہ فعال کردیا، جس سے 81 ہزار سے زائد بچوں کو تعلیم کے مواقع میسر آئے ہیں محکمہ تعلیم بلوچستان کے ذرائع کے مطابق یہ صوبائی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے جس کے تحت 81 فیصد اسکول بحال کیے گئے۔ اس کامیابی میں اساتذہ کی بڑے پیمانے پر تعیناتی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 1,866 ایس بی کے اساتذہ کو فیز۔1 میں تعینات کیا گیا، جبکہ 837......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کنٹریکٹ اساتذہ فیز۔2 اور 186 اساتذہ فیز۔3 کے تحت شامل ہوئے۔ مزید برآں 1290 اسکول عملے کی از سر نو تقسیم کے ذریعے فعال کیے گئے، جبکہ این سی ایچ ڈی، بی ای سی ایس، پاک فوج اور ڈپٹی کمشنرز نے بھی بھرپور تعاون کیا۔ اضلاع پشین، خضدار اور آواران کارکردگی کے لحاظ سے نمایاں رہے۔ پشین میں 230 اسکولوں کی بحالی کے ساتھ 10,076 نئے طلباء داخل ہوئے، جبکہ خضدار اور آواران میں بالترتیب 7,394 اور 6,529 نئے اندراجات رپورٹ ہوئے۔ دور دراز علاقوں جیسے ژوب اور نصیر آباد میں بھی قابل ذکر بہتری دیکھی گئی۔

## پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے 1641 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ڈی سی کوئٹہ

**13 اکتوبر سے شروع پولیو مہم میں 4 لاکھ 76 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت 13 اکتوبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم ریڈینس میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ڈی ایچ او، ڈپٹی ڈی ایچ او، ٹیکنیکل ای او سی کے اراکین، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسران، متعلقہ محکموں کے نمائندگان اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں 13 اکتوبر سے شروع ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ہونے والی پولیو مہم کے حوالے سے سکیورٹی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور جامع پلان مرتب کیا گیا۔ اس مہم کے دوران ضلع کوئٹہ میں 4 لاکھ 76 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے ساتھ ساتھ وٹامن اے کے کیپسولز بھی دیئے جائیں گے پولیو مہم کو موثر اور کامیاب بنانے کے لئے 1641 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ مہم کے دوران عملے کی حفاظت اور امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے 1420 سکیورٹی اہلکار تعینات کئے جائیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 12


## 20 دہشت گردوں کی لاشیں دشت کے قبرستان میں امانتاً سپرد خاک

**لاشیں سیکورٹی فورس کے ہاتھوں ایف سی ہیڈکوارٹر، اغبرگ، منگچر میں دوران آپریشن ہلاک ہونے والوں کی تھیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سول ہسپتال کے مرچری لاشیں رکھنے کی گنجائش اور شناخت نہ ہونے پر 20 دہشت گردوں کی لاشیں چھیپا رضا کاروں نے دشت قبرستان میں امانتاً سپردخاک کر دیا سول ہسپتال ذرائع کے مطابق ہسپتال کے مردہ خانے اور مرچری میں لاشیں رکھنے کی گنجائش اور شناخت نہ ہو کے باعث ہسپتال انتظامیہ نے قانونی کارروائی مکمل کر کے 20 دہشت گردوں کی لاشیں چھیپا فاؤنڈیشن کے حوالے کی جنہیں رضا کاروں نے گزشتہ روز دشت تیرا میل کے قبرستان میں امانتاً سپردخاک کر دیا ذرائع نے بتایا کہ پانچ لاشیں ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کی کوشش کرنے والے 10 اغبرگ میں سی ٹی ڈی کے آپریشن میں چار منگچر میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن میں ایک ہزار گنجی میں مارے جانے والے دہشت گردوں کی تھیں۔

## شہباز ٹاؤن سمنگلی روڈ پر میڈیکل اسٹور میں ہونے والی ڈکیتی کے دو ملزمان گرفتار

**پولیس نے 21 لاکھ روپے ٹی ٹی اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل قبضے میں لے لی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ نے شہباز ٹاؤن سمنگلی روڈ پر میڈیکل اسٹور میں آٹھ روز قبل ہونے والی ڈکیتی میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر کے 21 لاکھ روپے کی نقدی، اسلحہ اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق شہباز ٹاؤن سمنگلی روڈ پر واقعہ لائف فارمیسی میں 2 اکتوبر کی صبح سات بجے دو مسلح افراد داخل ہوئے اور کاؤنٹر سے 22 لاکھ روپے کی نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے تھے صدر پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کیا جس پر ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ ملک اصغر خان نے ٹیم تشکیل دی جس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے آٹھ روز میں ڈکیتی میں ملوث دو ملزمان کامران خان اور محکم خان کا سراغ لگا کر گزشتہ روز گرفتار کر کے 21 لاکھ کی نقدی، ٹی ٹی اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل قبضے میں لے لی۔

## تربت، مختلف پرتشدد واقعات میں تین افراد ہلاک

تربت (نامہ نگار) کیچ کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور پرتشدد واقعات کے دوران تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ مند کے علاقے گوک میں واقع کوہ ڈگار سے ایک لاش برآمد ہوئی ہے جسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا۔ لاش کی شناخت مسلم ولد نعمت اللہ ساکن ہوزئی مند کے نام سے ہوئی، جنہیں چند روز قبل نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کیا تھا۔ دوسرے واقع کوہک اور دشت کھڈان کے درمیان ایک اور لاش ملی ہے جسے گولیاں مار کر ہلاک کیا گیا تھا، تاہم تا حال اس مقتول کی شناخت نہیں ہو سکی۔ تیسری واقع بلیدہ کے علاقے بزپش میں نامعلوم مسلح افراد نے مادین نامی شخص پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا، جبکہ حملہ آور فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

## ڈیرہ اللہ یار بائی پاس پر نصب بم پھٹنے سے ایک بچہ شہید، ایک زخمی

**دھماکے سے قریب کی عمارتوں کو شدید نقصان، زخمی کو لاڑکانہ منتقل کر دیا گیا**

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) قومی شاہراہ کے کنارے نصب ٹائم بم پھٹنے سے ایک راہگیر بچہ شہید اور ایک شدید زخمی ہو گیا۔ دھماکے سے قریبی عمارتوں کو شدید نقصان پہنچا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ اللہ یار بائی پاس کے قریب رہائش پذیر بچے سراج احمد اور اس کا بھائی ذاکر حسین پاپڑ بیچتے تھے کہ اسی اثناء میں ذاکر حسین کے سڑک کے دوسرے کنارے پر پڑے ہوئے موبل آئل کے ڈبے کی طرف لپکتے ہی زوردار بم دھماکہ ہوا جس سے 10 سالہ ذاکر حسین کی ایک ٹانگ کٹ کر جسم سے الگ ہونے سے شدید زخمی کے باعث اور اسے شدید زخمی کے باعث جانبر نہ ہو سکا دھماکہ کی زد میں آ کر دوسرا بھائی 12 سالہ سراج احمد بھی زخمی ہو گیا۔ جسے ابتدائی طبی امداد کے بعد لاڑکانہ روانہ کر دیا گیا۔ دھماکہ کے بعد ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار جاوید کھوسہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوع پر پہنچ کر علاقے کو اپنے گھیرے میں لے لیا اور بم ڈسپوزل اسکواڈ ٹیم کو طلب کر کے دھماکہ کے مقام سے شواہد اکٹھے کئے گئے دھماکہ کی نوعیت کے لئے پولیس کی تحقیقات جاری ہے

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں منشیات کے خلاف کارروائی جاری، 60 کلوگرام چرس برآمد

**افسران و عملہ بلوچستان کو منشیات سے پاک بنانے کیلئے سرگرم عمل ہیں، محکمہ ایکسائز**

بارکھان (آن لائن) بلوچستان میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف ایک اور بڑی کامیابی، محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسداد منشیات ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 60 کلوگرام اعلیٰ معیار کی چرس برآمد کر لی کارروائی رکنی، ضلع بارکھان میں ایک ہینو منی ٹرک سے عمل میں لائی گئی محکمہ ایکسائز کی ٹیم نے بارکھان کے علاقے ......... 

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ر

میں کارروائی کے دوران ایک ہینو منی ٹرک نمبر 0406-JU کو مشکوک جان کر روکا، جو بظاہر سیب سے بھرا ہوا تھا۔ تاہم دوران تلاشی ڈیزل ٹینک میں بنائے گئے خفیہ خانے سے 60 کلوگرام اعلیٰ معیار کی چرس برآمد ہوئی۔ محکمہ ایکسائز کے مطابق، ضبط شدہ گاڑی کو تحویل میں لے کر ایف آئی آر درج کر دی گئی ہے تاکہ منشیات کے اس نیٹ ورک سے جڑے مزید عناصر تک پہنچا جا سکے۔ محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن بلوچستان کے ترجمان کے مطابق، منشیات کے خاتمے کیلئے ہماری مہم صوبے بھر میں بلا امتیاز جاری ہے۔ افسران اور عملہ دن رات انتھک محنت سے بلوچستان کو منشیات سے پاک بنانے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔"

## مستونگ و سوراب سے نومولود اور نامعلوم شخص کی نعشیں برآمد

**مستونگ میں کھنڈر سے نامعلوم اور سوراب میں کچرے دان سے نومولود بچی کی نعشیں ملیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ اور سوراب سے نومولود بچے سمیت 2 افراد کی نعشیں برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے چوکی کے مقام سے ایک کھنڈر سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی اسی طرح سوراب کے علاقے کلی عزیز آباد سے کچرے دان سے ایک نومولود بچی کی نعش ملی نعشوں کو ہسپتال منتقل جنہیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں منتقل کر دی گئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 19

# جناح ٹاؤن میں پانی کا بحران، مکین مشکلات سے دوچار

## متعلقہ حکام خاموش، ٹینکر مافیا کے وارے نیارے، پانی کا مسئلہ حل کیا جائے، مکین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن میں پانی کا بحران برقرار، مکین شدید مشکلات سے دوچار، متعلقہ حکام خاموش، ٹینکر مافیا کے وارے نیارے تفصیلات کے مطابق جناح ٹاؤن اور گردونواح میں آبنوشی کا بدترین بحران ہے جسکی وجہ سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے معمولات زندگی بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں اہل علاقہ نے بتایا کے بارہا متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کروائی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے بتایا کے اہل علاقہ واٹر چارجز بھی باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود پانی سے محروم ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ فی الفور علاقہ میں پانی کا مسئلہ حل کیا جائے بصورت دیگر شدید احتجاج کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 20

## کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کا خاتمہ ناگزیر!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیر زمین پانی کی سطح نیچے گرنے کے باعث پینے کے صاف پانی کی شدید قلت پیدا ہورہی ہے جو روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔اس کی کئی اہم وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ غیر قانونی ٹیوب ویلز کی بھرمار ہے جو پابندی کے باوجود دھڑا دھڑ لگائے جارہے ہیں چونکہ یہ اکثر اثرورسوخ والے لوگ ہی اپنے گھروں اور کمرشل بنیادوں پر لگارہے ہیں اس لیے ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے ان میں سے اکثر بغیر این او سی کے لگائے جارہے ہیں۔یہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت گذشتہ روز کوئٹہ شہر میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کی تنصیب اور ان کے خلاف کارروائی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی،ایس ایس پی آپریشنز محمد بلوچ،ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن نصیر احمد ،اسسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ سمیت محکمہ اریگیشن ،واسا اور پی ایچ ای کے نمائندگان نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ شہر میں واٹر ایمرجنسی نافذ ہے اور اس پر عمل درآمد کے لیے جامع اقدامات کئے جارہے ہیں۔کوئٹہ میں جتنے بھی غیر قانونی ٹیوب ویلز کا خاتمہ ناگزیر ہے۔اس مقصد کے لیے متعلقہ محکمے اریگیشن ،پی ایچ ای اور واسا ملکر پورے شہر کا ڈیٹا جمع کریں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ کتنے ٹیوب ویلز فعال ہیں۔ان میں سے کتنے سرکاری کتنے پرائیویٹ اور کن کے پاس این او سی موجود ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ قانونی تقاضوں پر پورا نہ اترنے والے ٹیوب ویلوں کو فوری طور پر بند کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ ٹیوب ویل یا بورنگ کی اجازت صرف قانونی طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد دی جاسکتی ہے۔بصورت دیگر ایسے تمام ٹیوب ویلز غیر قانونی تصور کئے جائیں گے۔تمام محکمے باہمی کوارڈی نیشن کے ذریعے شہر بھر میں زرعی مقاصد گھریلو استعمال اور پرائیویٹ سکیموں میں قائم ٹیوب ویلز کا مکمل ڈیٹا جلد ازجلد مرتب کرکے رپورٹ پیش کریں۔انہوں نے کہا کہ پانی کے مسئلے پر قابو پانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔تمام ادارے اس مقصد کے لے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کریں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کے خاتمے کے حوالے سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں فیصلے اور اس ضمن میں کمشنر کوئٹہ کی متعلقہ اداروں کو کام کرنے اور آپس میں روابط رکھنے کی ہدایات قابل تحسین اقدام ہے۔اس سے پانی کی قلت پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 11 OCT 2025 Page No. 21

# Redressal of issues of investors

Balochistan, being the largest province of the country in terms of land area, owns a long-stretched coastline, beautiful beaches, attractive tourist sites, mountains, hills, plains, and deserts. The mountains of Balochistan look rugged and deserted, but they hold plenty of mineral resources in the form of gas, coal, copper, gold, marble, and many other precious minerals that distinguish Balochistan in the entire world. Balochistan has great potential where investors from across the world can make profitable and secure investments, particularly in agriculture, minerals, fisheries, energy, livestock, and tourism. But unfortunately, during the past two decades, due to a deteriorated law and order situation, poor policies, vested interests, and instability caused by anti-Pakistan elements, investment in Balochistan remained virtually clogged. There is a need to evolve a strategy to attract investors to Balochistan, and the Balochistan Board of Investment and Trade (BBOIT) has been tasked with developing strategies and policies to attract investors and make them aware of investment opportunities. However, initially, BBOIT made some efforts but could not achieve the desired goals, and therefore it has been felt that the government of Balochistan must pay more attention to attracting national and international investors to the province. Despite the establishment of the Islamabad office by BBOIT for the promotion of domestic and foreign investment, it later opened offices in Karachi and Gwadar. No doubt, the opening of offices in different main cities of the country will certainly provide easy and timely access for foreign investors and businessmen to information such as visas, security, NOCs, registration, and travel, but there is still more that needs to be done to attract investors. To strengthen the economy of Balochistan and address poverty and unemployment, attracting investors to Balochistan is essential, as without investors, the province lacks the finance and skilled manpower to exploit its resources. In this respect, the complete support and cooperation of the federal government are very important. It has been observed that in the past, foreign investors—despite being willing to invest in different sectors in Balochistan—could not do so owing to immense complications in obtaining NOCs from the federal as well as provincial governments. Such slackness demoralizes investors. Likewise, in the past, investors have complained about facing troubles in getting visas and permission to travel to Balochistan. Hopefully, BBOIT and other government departments will play their active role in facilitating investors so that they do not face difficulties.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 11 OCT 2025 Page No.



صوبائی مشیر مینا مجید انٹر کے سالانہ امتحانات میں پوزیشن ہولڈر طالبہ کو الیکٹرک سکوٹی دے رہی ہیں، صوبائی وزیر بخت کاکڑ بھی موجود ہیں



صوبائی وزیر مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ پوزیشن ہولڈر طلبا و طالبات میں تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



☆☆☆ کوئٹہ: صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆